# Directorate Of Education GNCT Of Delhi

## Practice Question Paper (2023-24)

Subject: Urdu B

Class: X

Code: 303

Time: 3hrs    Max Marks: 80

عام ہدایات

1۔اس سوال نامے میں کل 12 سوالات ہیں۔

2۔یہ سوال نامہ چار حصّوں پر مشتمل ہے۔

3۔ہر حصّے میں دی گئی ہدایت کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیں۔

4۔سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے۔

5۔جواب لکھتے وقت اس کا درست نمبر لکھنا ہر گز نہ بھولیں۔

6۔جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوشخط کا خاص خیال رکھیں۔

## Section A حصّہ الف

1۔درج ذیل دونوں درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (10)

الف

ڈاکٹر امبیڈکر اپنے استادوں کا بے حد احترام کرتے تھے۔ ستارا کے ایک اسکول میں امبیڈکر نامی ایک اُستاد تھے جو ذات پات کی تفریق کو نہیں مانتے تھے۔ وہ سب کے ساتھ برابری کا سلوک کرتے تھے۔ وہ بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔ اُستاد اور شاگرد کا یہ رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ آگے چل کر وہ بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔ تعلیم حاصل کرنے کے لیے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محنت کا جذبہ تھا، اس لیے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلی تعلیم کے لیے انھیں انگلستان جانے کا موقع مل گیا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔ اس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا۔

i۔ درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

ii ۔ ڈاکٹر امبیڈکر کس کا احترام کرتے تھے؟

iii۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے کیا مٹانے کی کوشش کی؟

iv۔ امبیڈکر نامی استاد کس اسکول میں تھے؟

v۔ لفظ تفریق کے کیا معنی ہیں؟

## ب

ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے
میرؔ اُن نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

i۔ درج بالا غزل کے شاعر کون ہے

ii۔ حباب کا کیا مطلب ہے؟

iii۔ شاعر نے ہستی کو کس کی طرح بتایا ہے؟

iv۔لب کی نازکی کو شاعر نے کس سے تشبیہ دی ہے؟

v۔ شاعر بار بار کس کے در پہ جاتا ہے؟

2۔درج ذیل دونوں غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے. (10)

الف

کیا لے گا خاک ! مُردہٴ اُفتادہ بن کے تو — طوفان بن، کہ ہے تری فطرت میں انقلاب
کیوں ٹمٹائے کرمکِ شب تاب کی طرح! — بن سکتا ہے تو اوجِ فلک پر اگر شہاب
وہ خاک ہو، کہ جس سے مِلیں ریزہ ہائے زر — وہ سنگ بن کہ جس سے نکلتے ہیں لعلِ ناب
چڑیوں کی طرح دانے پہ گرتا ہے کس لیے — پرواز رکھ بلند، کہ تو بن سکے عقاب
وہ چشمہ بن کہ جس سے ہوں سرسبز کھیتیاں
رہرو کو تو فریب نہ دے صورتِ سراب

i۔ شاعر نے کسے دھوکا نہ دینے کی بات کی ہے؟

ii۔اس شعری حصّہ میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

iii۔ کھیتیاں کس سے سرسبز ہوتی ہیں؟

iv۔پرواز سے کیا مراد ہے؟

V۔ فلک کی جمع بتایئے؟

ب

منشی صابر حسین کی آمدنی کم تھی اور خرچ زیادہ، اپنے بچّہ کے لیے دایہ رکھنا گوارا نہیں کر سکتے تھے، لیکن ایک تو بچّہ کی صحت کی فکر اور دوسرے اپنے برابر والوں سے ہیٹے بن کر رہنے کی ذلّت اس خرچ کو برداشت کرنے پر مجبور کرتی تھی۔ بچّہ دایہ کو بہت چاہتا تھا۔ ہر دم اس کے گلے کا ہار بنا رہتا تھا۔ اس وجہ سے دایہ اور بھی ضروری معلوم ہوتی تھی۔ مگر شاید سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ وہ مروّت کے باعث دایہ کو جواب دینے کی جرأت نہ کر سکتے تھے۔ بڑھیا ان کے یہاں تین سال سے نوکر تھی۔ اس نے ان کے اکلوتے بچّے کی پرورش کی تھی۔ اپنا کام دل وجان سے کرتی تھی۔ اسے نکالنے کا کوئی حیلہ نہ تھا اور خواہ مخواہ کیڑے نکالنا صابر جیسے حلیم شخص کے لیے غیر ممکن تھا۔ مگر شاکرہ اس معاملہ میں اپنے شوہر سے متّفق نہ تھی۔ اسے شک تھا کہ دایہ ہم کو لوٹے لیتی ہے۔ جب دایہ بازار سے لوٹتی تو وہ دہلیز میں چھپی رہتی کہ دیکھوں آٹا چھپا کر تو نہیں رکھ دیتی۔ لکڑی تو نہیں چھپا دیتی۔ اس کی لائی

i ۔ منشی صابر حسین کی کیا کم تھی؟

ii۔ بچہ ہر وقت کس کے گلے کا ہار بنا رہتا تھا؟

iii۔ شاکرہ اپنے گھر سے دایہ کو کیوں نکالنا چاہتی تھی؟

iv۔ منشی صابر حسین کے یہاں بڑھیا کتنے سالوں سے نوکر تھی؟

v۔ منشی صابر حسین اپنے بچّے کے لئے دایہ رکھنا کیوں گوارا نہیں کر سکتے تھے؟

## Section B حصّہ ب

3۔ مندرجہ ذیل دیے گئے عنوان میں سے کسی ایک پر کم سے کم 250 الفظ پر مشتمل مضمون لکھیئے۔ (10)

مذہبی تہوار، اسکول کا سالانہ جلسہ، صحت اور کھیل کود

4۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کروانے کے لئے درخواست لکھیئے۔ (5)

یا

اپنے دوست کو بھائی کی شادی میں شرکت کے لئے خط لکھیئے

5۔ محمد مجیب کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیئے۔ (5)

یا

پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط پڑھنے کے بعد کیا کیا؟

6۔ نظیر اکبر آبادی کے حالات زندگی پر روشنی ڈالیے (5)

یا

غالب کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیے

## Section C حصّہ ج

7۔درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر کے لکھیے۔

(i)۔ کسی عام شخص، عام جگہ، اور عام چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں۔ (16)

(A)۔اسم معرفہ

(B)۔ ضمیر

©۔اسم نکرہ

(D)۔ متضاد

(ii)۔ ظلم کیا ہے؟

(A)۔ مونث

(B)۔سابقہ

©۔ مذکر

(D)۔ لاحقہ

(iii)۔خط کا جمع بتایئے؟

(A)۔خطوں

(B)۔خطوط

©۔ختوتوں

(D)۔خطاط

(iv)۔ویران کا متضاد بتایئے

(A)۔آباد

(B)۔آخر

©۔انجام

(D)۔ مخالف

(v)۔لفظ فتح کا مترادف بتایئے

(A) ۔حرکت

(B)۔ہار

©۔جیت

(D)۔خون

(vi)۔وہ کام جو گزرے ہوئے وقت میں ہوا سے کیا کہتے ہے؟.

(A)۔ فعل حال

(B)۔ فعل مستقبل

©۔ فعل ماضی

(D)۔ فعل ناقص

(vii)۔ مندرجہ ذیل میں کون سے لفظ میں سابقہ کا استعمال ہوا ہے؟

(A) ۔روشن دان

(B)۔بے وفا

©۔ عقل مند

(D)۔پتنگ باز

(viii)۔ جس جملے کے آخر میں (،) نشان ہو اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A)۔ختمہ

(B)۔فجایہ

©۔سوالیہ

(D)۔سکتہ

8۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے (4)

دانت کھٹے کرنا

باغ باغ ہونا

جیسی کرنی ویسی بھرنی

بھیس بدلنا

## Section D حصّہ د

9۔درج ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔ (6)

(i)۔ ہند آریائی زبانیں کون کون سی ہیں؟

(ii) ۔رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟

(iii)۔انٹرنیٹ سے طلبا کو کیا فایدے ہیں؟

10۔درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔

(i)۔بے تکلفی سے کیا پریشانی ہوتی ہے؟ (2)

(ii)۔لین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی؟

11۔درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (4)

(i)۔اُردو کہاں پیدا ہوئی اور یہ کس زبان سے نکلی ہے؟

(ii)۔ہے دُنیا جس کا ناوں میاں یہ اور طرح کی بستی ہے......... مصرع مکمل کیجئے

12۔درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ (3)

(i)۔ نظم 'حمد' کے شاعر کا نام بتایئے؟

(ii )۔کوئی امید بر نہیں آتی

کوئی صورت نظر نہیں آتی

اس شعر میں شاعر کی صورت سے کیا مراد ہے؟